3 ستمبر 2021

اونٹاریو سے تعلق رکھنے والے محترم والدین،

ہم امید کرتے ہیں کہ آپ کا موسم گرما اچھا گزر رہا ہو گا۔ آنے والے ماہ ستمبر میں بالمشافہ طور پر تدریسی عمل پر واپس آنے کے موقع پر، تدریس کے ایک مزید معمول کے مطابق تجربے کے لیے طلبا کو – اپنے دوستوں اور اساتذہ کے ساتھ کلاس رومز میں واپس آتے ہوئے دیکھنے کے لیے ہم نہایت پُرجوش ہیں۔ ہم جانتے ہیں کہ بالمشافہ تدریسی عمل ہمارے نوجوان افراد کی دماغی اور جسمانی صحت، تعلیمی کامیابی، اور مجموعی بہبود کے لیے ضروری ہے۔

طبی ماہرین، بشمول صوبے کے چیف طبی افسر برائے صحت کی مشاورت سے تیار کردہ اور صوبائی سائنس ٹیبل رپورٹ کے زیر جائزہ، جو اقدامات ہم کر رہے ہیں انہیں طلبا کو اسکول میں ان کی موجودگی کے دوران ہر ممکن حد تک محفوظ رکھنے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے۔

اسکول کے سال 2021-22 میں، پورے صوبے کے طلبا:

- اسکول کے مکمل دن کے لیے بالمشافہ تدریسی عمل کی طرف واپس آئیں گے، تاہم ہم آہنگ انداز میں فاصلاتی طور پر تدریس کا اختیار موجود رہے گا؛
- جسمانی فاصلہ برقرار رکھنے، اور اضافی صفائی کی معاونت کے ساتھ کلاس رومز میں پڑھیں گے؛
- غیر نصابی سرگرمیوں، کلبز، موسیقی، اور آرٹس، نیز اسکول کے اندر کھیلوں کی تمام اقسام اور کچھ ترامیم کے ساتھ انٹر اسکول کھیلوں کی سرگرمیوں کے ذریعے حصہ لینے کے قابل ہوں گے؛ اور
- بہتر بنایا گیا ہوا کی ترسیل کا نظام اور ہوا کے معیار کے انفراسٹرکچر کی دیگر اپ گریڈز سے فائدہ اٹھائیں گے، بشمول تمام کنڈرگارڈن کلاس رومز اور تمام تدریسی مقامات پر HEPA یونٹس جو میکانیکی نکاسی ہوا کے سسٹمز کے ساتھ مربوط نہیں ہیں۔

پلان کی مزید تفصیلات وزارت تعلیم کی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔

مزید برآں، ہماری حکومت COVID-19 کا مقابلہ جاری رکھنے کے لیے اسکولز میں یا قرب و جوار کے اسکولز کے اندر رضاکارانہ ویکسینیشن کلینکس کا پلان اور میزبانی کرنے کے لیے صحتِ عامہ کے یونٹس اور عوامی طور پر فنڈ کردہ اسکول بورڈز کے ساتھ کام کر رہی ہے۔ کلینکس اسکول کے آغاز سے پہلے اور اسکول کے پہلے کچھ ہفتوں کے دوران متوقع طور پر کام کریں گے۔ پروگرام صوبے کی آخری مرحلے کی حکمت عملی کا حصہ ہے تاکہ ان افراد کو ہدف بنایا جائے جنہیں پہلی یا دوسری خوراک ملنا ابھی باقی ہے اور اہل طلبا اور ان کے اہل خانہ، نیز اس موسم خزاں میں اسکول واپس لوٹنے والے تدریسی اور اسکول کے عملے کو رضاکارانہ ویکسینز تک باسہولت اور آسان رسائی فراہم کرے گا۔

طلبا کی دماغی صحت کی معاونتوں کے لیے فنڈنگ کی مد میں ہم 80$ ملین سے زیادہ مختص کر رہے ہیں۔ یہ 2017-18 میں گزشتہ حکومت کے تحت کی جانے والی سرمایہ کاریوں سے چار گنا زیادہ ہے۔

اونٹاریو کے طلبا کے اسکول واپس لوٹنے کو ہر ممکن حد تک محفوظ بنانے کی معاونت اہم سرمایہ کاریوں کی جانب سے کی گئی ہے، بشمول COVID-19 کی ہدف شدہ معاونتوں کی مد میں 1.6$ بلین، اور تدریسی عمل کی بحالی اور تجدید کے لیے 85.5$ ملین رکھے گئے ہیں تاکہ عالمی وبا کی وجہ سے بننے والے تدریسی عمل کے کسی بھی خلا کو پُر کرنے میں طلبا کی مدد کی جا سکے۔

اسکول کمیونٹیز کو COVID-19 سے محفوظ رکھنے کے لیے اسکولز میں ہوا کے معیار کو بہتر بنانا اشد ضروری ہے۔ اس لیے مجھے یہ مزید کہتے ہوئے فخر محسوس ہو رہا ہے کہ ہماری حکومت نے پوری عالمی وبا کے دوران سامنے آنے والے سائنسی مشورے پر عمل کرتے ہوئے، اسکول کے ہوا کے ترسیلی نظاموں کو بہتر بنانے کے لیے 600$ ملین سے زیادہ کی سرمایہ کاری کی ہے۔ یہ اس 1.4$ بلین کی سالانہ فنڈنگ کے علاوہ ہے جو ہم اسکول بورڈز کو اسکول کی سہولیات کی تجدید، بشمول HVAC اور کھڑکیوں کی مد میں فراہم کرتے ہیں۔

ہوا کے ترسیلی نظام میں بہتریاں اونٹاریو کے تمام اسکولز اور تمام بورڈز میں کی گئی ہیں۔ مجموعی طور پر، ہم کلاس رومز کو محفوظ رکھنے کے لیے 70,000 سے زائد خود مختار HEPA فلٹریشن یونٹس اور ہوا کی دیگر ترسیلی ڈیوائسز فراہم کریں گے۔

ہوا کی میکانیکی ترسیل کی مدد سے اسکولز میں ہوا کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے، ہم بورڈز کو جہاں ممکن ہو، بہترین گریڈز فلٹرز کے حامل - MERV-13 کے استعمال - مزید متواتر طور پر فلٹر تبدیل کرنے، ہوا کے سسٹمز کو دیر تک چلانے، اور ہوا کے زیادہ سے زیادہ بہاؤ اور تازہ ہوا میں سانس لینے کے لیے HVAC سسٹمز کو پیمانہ بند کرنے کی ہدایت دے رہے ہیں۔ جونیئر اور سینیئر کنڈرگارڈن میں موجود اپنے سب سے کم عمر طلبا کے لیے، ہم - تحفظ کی ایک اضافی حد کے طور پر اس بات سے بالاتر ہو کر کہ آیا اسکول میں ہوا کا میکانیکی ترسیلی نظام موجود ہے یا نہیں - ان کے کلاس رومز میں خود مختار HEPA فلٹر رکھ رہے ہیں۔ شفافیت کے مفاد کو مدنظر رکھتے ہوئے، ہم ہوا کے ترسیلی نظام میں بہتریوں کے متعلق اسکول بورڈز کو معیاری عوامی رپورٹنگ کا ٹول فراہم کریں گے۔

ہماری حکومت طلبا کے تحفظ، بہبود، اور تعلیمی کامیابی کو پہلی اور مرکزی حیثیت دینے کو برقرار رکھنے کے لیے تعلیمی شعبے اور طبی ماہرین کے ساتھ باہم مل کر کام کرنا جاری رکھے گی۔ اس عزم کے حصے کے طور پر، چیف طبی افسر برائے صحت کے دفتر نے COVID-19 کیسز، رابطوں، اور اس کے پھیلاؤ کے نظم کے متعلق مقامی عوامی صحت کے یونٹس کو ایک اپ ڈیٹ کردہ رہنمائی جاری کی ہے۔ رہنمائی اسکول کی جگہوں پر COVID-19 کے نظم سے متعلق کلیدی موضوعات، بشمول علامتوں کا اظہار کرنے والے افراد، ممکنہ اور مصدقہ کیسز، اور مشتبہ اور مصدقہ پھیلاؤ کے نظم کرنے کا احاطہ کرتی ہے۔

ہماری ویکسین کی فراہمی جاری ہے۔ COVID-19 اور اس کی اقسام کے خلاف ویکسینز ہمارا بہترین دفاع ہیں، اور ہمارے طلبا، ہمارے عزیز و اقارب، اور ہماری کمیونٹیز کو بیماری سے محفوظ رکھنے میں مدد دیں گی۔ اور اونٹاریو کا وزیر تعلیم ہونے کے ناطے، میری اولین ترجیح صوبے کے طلبا، تدریسی عملے، اور والدین کی صحت اور تحفظ ہو گی۔ میں انتہائی مشکل حالات کے دوران آپ لوگوں کی طرف سے صبر اور استقامت کا مظاہرہ کرنے پر آپ سب کا مشکور ہوں۔ یقینی بنانے کے لیے کہ ہمارے بچے محفوظ ہیں، جیسا کہ وہ اسکول کے ایک مزید معمول کے مطابق سال سے لطف اندوز ہو رہے ہیں جس کے وہ مستحق ہیں، آئیں اپنی مثبت کاوشیں اور مل کر کام کرنا جاری رکھیں۔

میں اسکول واپسی پر، ہر ایک کی حفاظت اور خوشی کے لیے دعاگو ہوں۔

مخلص،

معزز جناب اسٹیفن لیچه (Stephen Lecce)

، وزیر تعلیم